© rasailojaraid.com



## ہوائی اور بحری سفر کے دوران قرآن کریم کا ترجمہ سنانے کا اہتمام

شمالی انگلستان کے ایک سابق قانون داں اورنگ زیب اقبال نے جب انگریزی میں قرآن پاک کا ترجمہ ریکارڈ کرنے کا ارادہ کیا تو انھوں نے کبھی یہ سوچا بھی نہ تھا کہ ایک دن ان کی آواز دنیا بھر میں اڑنے والے جہازوں اور سمندروں میں تیرتے ہوئے بحری جہازوں میں سنائی دے گی اور وہ اللہ تعالیٰ کا پیغام ان لوگوں تک پہونچانے کی سعادت حاصل کریں گے جو عربی تو نہیں جانتے لیکن انگریزی سے واقف ہیں۔ ۴۹ سالہ اورنگ زیب اقبال نے کلام پاک کے انگریزی ترجمہ کو ریکارڈ کرنے کا ارادہ اس وقت کیا جب وہ گزشتہ برس اپنی والدہ کے ہمراہ حج کی سعادت حاصل کرنے گئے تھے، انھوں نے ابتدائی طور پر سورۂ یٰسین سمیت قرآن پاک کی بعض اہم سورتیں ریکارڈ کرتے ہوئے انھیں ایک سی ڈی کی شکل میں مفت تقسیم کرنا شروع کیا، ان سی ڈیز کی مقبولیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ برطانیہ کے محکمہ جیل نے ان سے ایسی گیارہ ہزار سی ڈیز حاصل کیں تاکہ جیلوں میں بند مسلمان قیدیوں میں تقسیم کی جاسکیں۔ یہیں سے اورنگ زیب اقبال کا شوق بڑھا اور انھوں نے آٹھ ماہ کی شب و روز محنت سے ۲۵ گھنٹوں پر محیط پورے قرآن پاک کا انگریزی ترجمہ ریکارڈ کرواڈالا۔ انھوں نے اب فلائٹ انٹرٹینمنٹ سروس نامی ایک کمپنی سے معاہدہ کیا ہے جس کے تحت یہ کمپنی دنیا بھر میں اڑنے والے ہوائی جہاز اور سمندروں میں تیرنے والے بحری جہازوں کو یہ سی ڈیز فراہم کرے گی تاکہ وہ سفر کرتے ہوئے مسلمان مسافروں کے لیے قرآن پاک نشر کرسکے، اس ریکارڈنگ سے صرف مسلمان ہی نہیں وہ غیر مسلم بھی مستفید ہوسکتے ہیں جو اسلام کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔ (ہفت روزہ عالمی سہارا، نئی دہلی، ۱۸؍جون ۲۰۱۱ء)

☆☆☆

© rasailojaraid.com